DATE: ۲/۱۰/۲۰۲۵ DAY: جمعرات

# نام: مروہ شہزادی

## سوال نمبر ۱: اسلام سے کیا مراد ہے؟ اسلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں

### اسلام کی اصل:

اسلام عربی زبان کے لفظ "سلم" سے نکلا ہے، جس کا مطلب اطاعت، فرمانبرداری، امن اور سپردگی کے ہیں۔

اسلام کے اصطلاحی معنی ہیں کہ "اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے اس کی اطاعت کرنا" یعنی اللہ تعالیٰ کی مرضی اور حکم کے سامنے سر تسلیم خم کرنا۔ اسلام وہ دین ہے جو انسانیت کیلئے امن لاتا ہے جب انسان اپنی خواہشات اور اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتا ہے۔

قرآن مجید کے مطابق بھی اللہ تعالیٰ کے بھیجے گئے تمام رسول حضرت آدم ؑ سے لے کر خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ تک اسلام ہی سچا دین ہے۔ اللہ تعالیٰ نے دنیا میں تمام نبیوں کو اسلام کی تبلیغ کا ہی پیغام دیا ہے اور آپ ﷺ کا پیغام ہی اللہ کی طرف سے انسان کیلئے آخری رہنمائی ہے

# اسلام کی نمایاں خصوصیات:

اس کائنات میں ہر زندہ اور متحرک شے کا ایک خاص مزاج اور کچھ نمایاں خصوصیات ہوتی ہیں۔ اس میں افراد، جماعتیں، ملتیں اور قومیں، مذاہب اور فلسفے یکساں طور پر شریک ہیں۔ اسی لئے یہ دیانت اور تحقیق حق کا تقاضا ہے کہ اس دین کی تفصیلات، تعلیمات، ہدایات اور مختلف قوانین و ضوابط کا مطالعہ اور جستجو سے پہلے ہمیں اس حقیقت سے باخبر ہو جانا چاہئے کیونکہ دین سے مکمل طور پر استفادہ حاصل کرنے کیلئے یہ ضروری ہے۔

حجۃ الوداع کے موقع پر عرفات کے دن یہ آیت نازل ہوئی تھی

**الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا۔**

**(مائدہ ۳)**

**ترجمہ:** "آج ہم نے تمہارے لیے دین کو مکمل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی اور تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا۔"

DATE: DAY:

## ۱۔ توحید (اللہ تعالیٰ کی وحدانیت):

اسلام کا سب سے بنیادی خصوصیت توحید ہے یعنی اس بات پر یقین رکھنا کہ اللہ ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور وہی عبادت کے لائق ہے۔

"قل ھو اللہ احد ○ اللہ الصمد ○ لم یلد ولم یولد ○ ولم یکن لہ کفوا احد ○

سورۃ اخلاص (۱-۴)

ترجمہ:

"کہہ دیجیے کہ اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے۔"

کوئی بھی انسان جب اس عالم کائنات پر غور و فکر کرتا ہے تو وہ اس بات کا اندازہ نہ لگا سکے کہ کوئی پاک ذات ہے جس کے حکم سے یہ دنیا اور کائنات کا سارا نظام اور تمام حیات جو کہ اس میں موجود ہے۔ اس کو پیدا کرنے والی ہے۔ آسمان پر چمکتے ستارے، چاند

DATE: ____ DAY: ____

کا رات کو نظر آنا اور دن کو چھپ جانا، موسموں کا تبادلہ، تمام چیزیں صرف ایک ہی بات پر اشارہ کرتی ہیں کہ کوئی ایک خدا ہے جو اس کو بنانے والا ہے

بے شک اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**یاایہا الناس اعبدوا ربکم الذی خلقکم والذین من قبلکم لعلکم تتقون ۝ (البقرہ: ۲۱)**

**ترجمہ:** اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے تمھیں اور تم سے پہلے لوگوں کو پیدا کیا تاکہ تم پرہیزگار رہو۔

## ۲۔ رسالت (انبیاء پر یقین):

کلمہ کا دوسرا حصہ یہ بیان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام بشر تک اسلام کی تعلیمات پہنچائی ہیں اور انہیں یہ تعلیمات رسولوں اور خاتم النبین حضرت محمدؐ کے ذریعے دنیا تک پہنچائی ہیں۔ اور رسولوں پر ایمان لانا، اللہ تعالیٰ کے حکم کی پاسداری کرنے کے مترادف ہے

اسلام تمام انبیاء پر ایمان لانے کی
تعلیمات دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ احزاب
میں فرمایا ہے کہ:

**ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن**
**رسول اللہ وخاتم النبیین ۖ وکان اللہ**
**بکل شیء علیما ۝** (احزاب: ۴۰)

**ترجمہ:** محمد تمہارے مردوں میں کسی (مرد) کے
باپ نہیں لیکن اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں
کے آخر میں تشریف لانے والے ہیں اور اللہ سب کچھ
جاننے والا ہے"۔

رسالت پر یقین کا مطلب اللہ تعالیٰ
کے بھیجے گئے پیغمبروں پر ایمان لانا ہے۔ یہ یقین اس
عقیدے پر مبنی ہے کہ انسانیت کی ہدایت کیلئے اللہ
تعالیٰ نے انبیاء بھیجے جن میں سے اللہ تعالیٰ کے آخری
نبی حضرت محمدؐ ہیں اور آپؐ کی زندگی اور تعلیمات
(جن میں قرآن اور سنت شامل ہیں) سے ہمیں زندگی
گزارنے کا مکمل اور صحیح طریقہ ملتا ہے۔

DATE: ____________ DAY: ____________

بہت حسن تھا نور سے پر ہو گھر ہوا
نرجس کو جب محمد آخر عطا ہوا

سید اقبال رضوی شارب

## 5. اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات:

### (ا) انفرادی زندگی:

اسلام ایک ایسا جامع دین ہے جو ہر انسان کی انفرادی زندگی کیلئے بھی راہنمائی فراہم کرتا ہے۔ اسلام ہر مسلمان کو نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ جیسی عبادات کا حکم دیتا ہے تاکہ اس کا تعلق اللہ سے مضبوط ہو اور اس کی روحانی زندگی بہتر ہو۔

"اور نماز قائم کرو میری یاد کیلئے" (طہٰ:۱۴)

### (ب) اجتماعی زندگی

اسلام ایک مکمل دین ہے جو انسان کو مہذب، پرامن اور باہمی تعاون پر مبنی معاشرہ بنانے کی تعلیم دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

"نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی میں مدد نہ کرو۔"

(المائدہ: ۲)

## ۴) سیاسی زندگی:

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور ہر ایک سے اُس کی رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔" (صحیح بخاری و مسلم)

اسلام میں سیاست کا مقصد عدل، امانت، شوریٰ پر مبنی نظام قائم کرنا ہے۔ تاکہ معاشرہ امن و انصاف کے ساتھ چلے

## ۵) معاشی زندگی:

اسلام معاشی زندگی میں عدل، حلال کی کمائی، انفاق فی سبیل اللہ، محنت اور دیانت کو بنیادی اصول قرار دیتا ہے

آپ ﷺ نے فرمایا:

"سب سے بہترین کھانا وہ ہے جو انسان اپنی محنت سے کماتا ہے" (مسند احمد)

## ۶) انسانیت کو فروغ:

اسلام ایک ایسا دین ہے جو انسان کی پوری زندگی کا احاطہ کرتا ہے اسلام کا بنیادی مقصد انسانیت کی بھلائی، عدل و انصاف کا قیام، باہمی ہمدردی اور احترام آدمیت کو فروغ دینا ہے

**وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعالمین**

"اور ہم نے آپ ﷺ کو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔"

DATE: ______ DAY: ______

## 6. دنیا اور آخرت پر یقین :

اسلام دنیا اور آخرت دونوں کے تقاضوں کو متوازن طور پر سمجھنے اور پورا کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔ اسلام میں دنیا کی زندگی امتحان اور آزمائش کی جگہ ہے۔ جبکہ آخرت اس امتحان کا نتیجہ ہے۔ دنیا و آخرت پر ایمان لانا مسلمان کے عقیدے کا بنیادی حصہ ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ

**اعلموا انما الحیوۃ الدنیا لعب ولهو وزینة وتفاخر بینکم وتکاثر فی الاموال والاولاد ط**

**(الحدید: ۲۰)**

**ترجمہ:** "جان لو کہ دنیا کی زندگی تو صرف کھیل کود اور زینت اور آپس میں فخر و غرور کرنا ہے اور مال و اولاد پر ایک دوسرے پر زیادتی چاہنا ہے"

دنیا و آخرت پر یقین اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ایک ہے۔ یہ یقین انسان کو نیک اعمال کرنے اور گناہوں سے بچنے پر آمادہ کرتا ہے۔

DATE: ______ DAY: ______

## 5. اخوت و مساوات:

اسلام ایک ایسا کامل دین ہے جو انسانوں کے درمیان محبت، بھائی چارے اور برابری کو فروغ دیتا ہے۔ اسلام نے انسانیت کو رنگ، نسل، زبان یا قومیت کے امتیازات سے آزاد کر کے تقویٰ اور نیک اعمال کو فضیلت کا معیار قرار دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**انما المومنون اخوۃ فاصلحوا بین اخویکم واتقوا اللہ لعلکم ترحمون ۝ (الحجرات ۱۰)**

**ترجمہ:** "بے شک مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں سو اپنے بھائیوں میں صلح کرا دو اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے"

اسی طرح اسلام نے غلاموں، محتاجوں، یتیموں اور مریضوں کے ساتھ مساوات اور احترام کی تعلیم دی۔ اسلام نے غلامی کے خاتمے اور سب کو برابر قرار دیا ہے۔

(علامہ محمد اقبال)

یہ قوم مذہب، ملت، رنگ و خون سے بے آزاد انسان
باندھتا ہے ہم کو صرف ایک رشتۂ ایمان اسلام

DATE: ________ DAY: ________

## 6- قرآن وسنت پر عمل:

اسلام ایک ایسا دین ہے جس کی بنیاد دو اصل ماخذ پر قائم ہے

قرآنِ مجید — اللہ تعالیٰ کا پیغام

اور سنتِ نبوی ﷺ — رسول اکرم ﷺ کی عملی زندگی اور تعلیمات

قرآنِ مجید وہ آسمانی کتاب ہے جو انسان کو ہدایت، رحمت، عدل، اور امن کا راستہ دکھاتی ہے جبکہ سنت رسول قرآن کی عملی تصویر ہے

قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**یاایھا الذین آمنوا اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول**

**واولی الامر منکم** **(النساء: 59)**

**ترجمہ:** "اے ایمان والو اللہ کی فرمانبرداری کرو اور رسول کی فرمانبرداری کرو اور ان لوگوں کی جو تم میں سے حاکم ہوں۔"